97818-اگر مریض آپریشن کے دوران فوت ہو جائے تو ڈاکٹر پر کیا لازم ہوگا؟

سوال

آپریشن کے دوران آپریشن ہی کی وجہ سے کوئی مریض فوت ہو جائے تو ڈاکٹروں پر کوئی کفارہ یا گناہ ہوگا؟

پسندیدہ جواب

"اگر کسی کوتاہی کی وجہ سے مریض کی وفات ہوگئی، یا ڈاکٹر اس آپریشن کا اہل نہیں تھا تو ایسی دونوں صورتوں میں ڈاکٹر ذمہ دار ہوگا، چنانچہ ڈاکٹر کفارہ بھی دے گا اور ڈاکٹر کے والد کی جانب سے مرد رشتہ داروں پر دیت بھی ہوگی؛ کیونکہ یہ قتل خطا شمار ہوگا، لیکن اگر ڈاکٹر ایسے آپریشن کا ماہر ہو، اور مریض کی جسمانی حالت اسے برداشت بھی کر سکتی ہو، پھر ڈاکٹر کی جانب سے کوئی کوتاہی بھی نہ ہوئی ہو، تو ایسی صورت میں کوئی ڈاکٹر پر کچھ نہیں ہوگا، نہ تو زر ضمانت دینا ہوگا نہ ہی کوئی کفارہ۔"

"المنتقى من فتاوى الشيخ صالح الفوزان "(280/3)